محاضرات

في

العقيدة والكلام وصفات الباري تعالیٰ

افادات

محقق فن ِکلام شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد سجاد الحجابی

(نفع اللہ بہ العباد والبلاد)

صدر مدرس جامعہ انوار القرآن والعلوم نرشک (مردان)

جمع وترتیب

تلمیذ الشیخ، جواد علی شاہ حقانی

معہد الامام أبي حنیفہؒ وبیان (صوابی)

محاضرات فی العقیدۃ والکلام

اہم وضاحت..................

جس طرح اللہ تعالیٰ کی ذات کامل ہے، ہر قسم کے نقائص، مشابہت اور کیفیات سے منزہ اور بالا و برتر ہے۔ اسی طرح اللہ تعالیٰ کی صفات بھی مخلوق کے افعال اور حرکات و سکنات سے پاک و بے نظیر ہیں۔ اور یہ مباحث ہی رئیس العلوم علم کلام کا بنیادی اور اساسی موضوع ہیں۔ ان مباحث میں افراط و تفریط اور سلف (اشاعرہ وماتریدیہ) کے نہج سے ہٹ کر غور و خوض کرنا جہالت اور گمراہی ہے، اور اعتدال کے ساتھ سلف و صالحین کا دامن پکڑ کر چلنا صراط مستقیم ہے۔

اسی بنیاد پر استاد محترم محقق فن کلام حضرت مولانا محمد سجاد الحجابی صاحب مدظلہ نے مردان شہر میں علم کلام کے موضوع پر چھ روزہ دورہ رکھا، جس میں حضرت مدظلہ نے علم کلام کا نچوڑ اور لب لباب بیان کرتے ہوئے مسئلہ صفات میں اہل سنت کا مسلک نہایت سلیس انداز میں طالبان علوم کلام کے سامنے بیان فرمایا۔ بندہ اس دورے میں اول تا آخر شریک رہا، اور اس دورے کا کافی حصہ سن کر قلم بند کر کے نظر قرطاس کر دیا۔ علاوہ ازیں اس سے اگلے سال کے اس مختصر سے دورے سے بھی بعض اہم علمی مباحث کا اضافہ استاد محترم کی اجازت سے اس مجموعہ میں کر دیا گیا ہے۔

اس سال یعنی شعبان ۱۴۴۰ھ کو بھی دورہ ہوا جس میں بھی کچھ جدید مباحث استاذ محترم نے پڑھائے ہیں جن کو زیرِ نظر محاضرات میں درج کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ استاد محترم کے عنایات و شفقات کو ہمارے سروں پر تادیر قائم و دائم رکھے۔ آمین

خواستگار............جواد علی شاہ

خادم اہل السنۃ والجماعۃ دار الکلام

فہرست مضامین